باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت | Member AKNS | ABC Certified
www.dailydhartiajk.com | dailydharti@gmail.com
روزنامہ
چیف ایگزیکٹو: ڈاکٹر عمران حسین
کشمیر دھرتی
راولاکوٹ
چیف ایڈیٹر: عابد صدیق | ایڈیٹر: عمر خیام
جلد 04 | بدھ 17 ستمبر 2025ء، 23 ربیع الاول 1447ھ، 02 ساون 2081 | صفحات 04 / قیمت 20 روپے | شمارہ نمبر 146

29 ستمبر کی کال، عوام کے جان و مال کا تحفظ، امن و امان برقرار رکھنے کیلئے جامع حکمت عملی مرتب

تمام اضلاع کے ڈپٹی کمشنرز ترقیاتی منصوبہ جات کی بروقت اور معیاری تکمیل کے لیے مؤثر نگرانی یقینی بنائیں، عوامی شکایات کا ازالہ کرنے کیلئے افسران و اہلکاران سروس ڈیلیوری کو مزید بہتر بنائیں

کمشنر پونچھ ڈویژن مسعود الرحمٰن کی زیر صدارت ڈویژن بھر میں مجموعی امن و عامہ کی صورتحال کا جائزہ لینے کے لیے اہم اجلاس، ڈپٹی انسپکٹر جنرل پولیس ریجن، ڈپٹی کمشنرز سمیت مختلف افسران کی شرکت

راولاکوٹ (پی آئی ڈی) کمشنر پونچھ ڈویژن مسعود الرحمٰن کی زیر صدارت ڈویژن بھر میں مجموعی امن و عامہ کی صورتحال کا جائزہ لینے کے لیے اہم اجلاس کمشنر آفس راولاکوٹ میں منعقد ہوا۔ اجلاس میں ڈپٹی انسپکٹر جنرل پولیس ریجن سردار ظہیر احمد، ڈپٹی کمشنر پونچھ سردار عمر فاروق اور سینئر سپرنٹنڈنٹ پولیس پونچھ راجہ خاور علی شوکت، ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر جنرل عباسپور عثمان صارم نے براہ راست شرکت کی، جبکہ ڈپٹی کمشنر سدھنوتی سید ممتاز کاظمی، ڈپٹی کمشنر حویلی راجہ عمران شاہین، ڈپٹی کمشنر باغ راجہ صداقت خان، سینئر سپرنٹنڈنٹ پولیس سدھنوتی راجہ محمد اکمل، سپرنٹنڈنٹ پولیس باغ محمد امین اور سپرنٹنڈنٹ پولیس حویلی عامر تو ابی نے وڈیو لنک کے ذریعے اجلاس میں شمولیت کی۔ اجلاس کے دوران ڈویژن بھر کے سپرنٹنڈنٹ پولیس نے امن و عامہ کی مجموعی صورتحال کو تسلی (بقیہ 04 صفحہ 03)

راولاکوٹ: کمشنر پونچھ ڈویژن مسعود الرحمٰن کی زیر صدارت ڈویژن بھر میں مجموعی امن و عامہ کی صورتحال کا جائزہ اجلاس

قرضوں کے خطرات کافی کم ہوگئے ہیں، وزارت خزانہ

سود کی ادائیگیوں میں نمایاں بچت یقینی بنایا گیا ہے، بیان میں وضاحت

اسلام آباد (صباح نیوز) وزارت خزانہ نے کہا ہے کہ حکومت کی قرضہ حکمت عملی کا مقصد قومی قرضوں کو معیشت کے حجم کے مطابق رکھنا، قرضوں کی ری فنانسنگ اور رول اوور کے خطرات کم کرنا اور سود کی ادائیگیوں میں نمایاں بچت یقینی بنانا ہے تاکہ ملکی مالی استحکام کو پائیدار بنایا جا سکے۔ وزارت خزانہ نے اپنے ایک بیان میں واضح کیا ہے کہ صرف قرضوں کی کل (مطلق) رقم دیکھ کر ملکی قرضوں کی پائیداری (بقیہ 03 صفحہ 03)

زرداری کی معروف چینی آٹو موبائل کمپنی کے وفد سے ملاقات

وفد کی صدر زرداری کو کمپنی کی عالمی کامیابیوں اور جدید ٹیکنالوجی پر بریفنگ

شنگھائی (صباح نیوز) صدر مملکت آصف علی زرداری نے چین کی معروف آٹو موبائل کمپنی چیری ہولڈنگ کے چیئرمین ین ٹونگ یو سے شنگھائی میں ملاقات کی۔ اس موقع پر خاتون اول آصفہ بھٹو زرداری، چیئرمین پیپلز پارٹی بلاول بھٹو زرداری اور سینیٹر سلیم مانڈوی والا بھی صدر کے ہمراہ تھے۔ ملاقات میں صدر آصف علی زرداری نے چیری آٹو کی پاکستان میں سرمایہ کاری اور توسیعی منصوبوں (بقیہ 02 صفحہ 03)

پاکستان کا اسرائیلی اشتعال انگیزیوں کیخلاف مؤثر لائحہ عمل کا عندیہ

پاکستان امن پسند ملک، مسائل کو بات چیت سے حل کرنا چاہتا ہے، پانی روکنے کی کوششیں اعلان جنگ تصور ہونگی

سلامتی کونسل میں اصلاحات کی ضرورت ہے تاکہ وہ کشمیر، فلسطین کے تنازعات کے حل کی ذمہ داریاں پوری کرے، اسحٰق ڈار

دوحہ (کے پی آئی) وزیر خارجہ اور نائب وزیر اعظم اسحاق ڈار نے کہا ہے کہ پاکستان کشمیر سمیت تمام مسائل پر مذاکرات کے لیے تیار ہے۔ پاکستان ایک امن پسند ملک ہے اور مسائل کو بات چیت سے حل کرنا چاہتا ہے۔ الجزیرہ ٹی وی کو انٹرویو دیتے ہوئے وزیر خارجہ اور نائب وزیر اعظم اسحاق ڈار کا کہنا تھا کہ لبنان، شام کے بعد اسرائیل کی جانب سے قطر پر حملہ ناقابل قبول ہے۔ ایک خود مختار ملک پر اسرائیلی حملے کا کوئی جواز نہیں، قطر کے دوست اور برادر (بقیہ 01 صفحہ 03)

آزاد کشمیر میں بھارتی فنڈنگ کا انکشاف

قانون نافذ کرنے والے اداروں نے ایک ایسے تحریری مواد جسے سفارتی زبان میں "کیبل" کہا جاتا ہے تک رسائی حاصل کی ہے جو 2023 میں جنیوا سے بھارتی وزارت خارجہ کو بھیجی گئی تھی

"کیبل" کے متن میں ایک کشمیری سیاسی جماعت کو آزاد کشمیر میں مختلف اہداف دیئے جانے کا دعویٰ کیا گیا ہے، بظاہر یہ ملاقات افراتفری پھیلانے کا طریقہ کار طے کرنے کے لیے تھی، پاکستانی میڈیا

جنیوا/اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) پاکستانی میڈیا کے مطابق قانون نافذ کرنے والے اداروں نے ایک ایسے تحریری مواد جسے سفارتی زبان میں "کیبل" کہا جاتا ہے تک رسائی حاصل کی ہے جو 2023 میں جنیوا سے بھارتی سفارتخانے نے اپنی وزارت خارجہ کو بھیجی تھی۔ اس "کیبل" کے متن کے مطابق ان کے ملٹی بھارت کے خصوصی رابطہ افسر نے متحدہ کشمیر پیپلز نیشنل پارٹی (یو کے پی این پی) کے دو رہنماؤں سے 2 ستمبر 2023، جنیوا کے "کنٹرولڈ ماحول" میں پانچ گھنٹے ملاقات کی۔ ان نمائندوں کو مبینہ طور پر پاکستان کے زیر قبضہ کشمیر میں فوری اقدامات کی ہدایت دی گئی، جن کی ترتیب اقوام متحدہ کی انسانی حقوق کونسل (UNHRC) کے کیلنڈر کے مطابق ہو۔ ملاقات میں یو کے پی این پی کے رہنماؤں جنہیں SSAK اور NAK کے کوڈ ناموں (بقیہ 07 صفحہ 03)

قطر: وزیر اعظم پاکستان شہباز شریف عرب اسلامک سمٹ میں شریک ہیں

ملکی معیشت کو پیپر لیس بنانے انسانی عمل دخل کو کم کرنے پر زور

مشرق ڈیجیٹل بینک کا قیام پاکستان میں کیش لیس کاروبار اور مالیاتی شعبے کی ترقی و فروغ میں سنگ میل ثابت ہوگا

مشرق ڈیجیٹل بینک کا قیام پاکستان میں کیش لیس کاروبار، مالیاتی شعبے کی ترقی اور فروغ میں سنگ میل ثابت ہوگا، وزیر اعظم

اسلام آباد (صباح نیوز) وزیر اعظم محمد شہباز شریف نے ڈیجیٹلائزیشن کو وقت کی ضرورت قرار دیتے ہوئے کہا ہے کہ مشرق ڈیجیٹل بینک کا قیام پاکستان میں کیش لیس کاروبار اور مالیاتی شعبے کی ترقی اور فروغ میں سنگ میل ثابت ہوگا، نوجوان ملک کی آبادی کا بڑا حصہ ہیں، یہ نوجوان ہمارے لیے بڑا چیلنج اور عظیم موقع ہیں، معیشت کو پیپر لیس بنانا اور اس میں انسانی عمل دخل کم کرنا ہوگا۔ انہوں نے ان خیالات کا اظہار منگل کو یہاں پاکستان (بقیہ 05 صفحہ 03)

آزاد کشمیر بھر میں تیسرے روز بھی گندم، آٹے کی ڈھلائی معطل

حکومت و محکمہ خوراک آزاد کشمیر کی عدم دلچسپی کے باعث خطے کے لاکھوں نفوس سرکاری آٹا خریدنے سے محروم

ٹھیکیدار مقروض ہو چکے ہیں جب تک واجبات ادا نہیں ہوتے ہم بھی ڈھلائی نہیں کریں، کنٹریکٹرز کی شدید تشویش

مظفرآباد (دھرتی نیوز) آزاد کشمیر بھر میں تیسرے روز بھی گندم اور آٹے کی ڈھلائی کا عمل معطل رہا، حکومت و محکمہ خوراک آزاد کشمیر کی عدم دلچسپی کے باعث خطے کے لاکھوں نفوس سرکاری آٹا خریدنے سے محروم ہو گئے ہیں۔ گندم کی ڈھلائی بند ہونے سے آزاد کشمیر بھر میں آٹے کا بحران پیدا ہونے کا اندیشہ بھی موجود ہے۔ شدید ترین مہنگائی میں عام آدمی سرکاری آٹا خرید کر اپنا گذر بسر کرتا تھا تاہم محکمہ خوراک کی جانب سے ٹینڈرز کی توسیع نہ کرنے پر ٹھیکیداروں نے ڈھلائی کو بند کر رکھا ہے۔ ٹھیکیداروں کے مطابق محکمہ خوراک جب تک ٹینڈرز میں توسیع نہیں کرتا ہم ڈھلائی نہیں کر سکیں گے کیونکہ اس (بقیہ 06 صفحہ 03)

دوحہ پر حملے سے 50 منٹ پہلے صدر ٹرمپ کو خبر

حملے کی اطلاع پہلے سیاسی پھر فوجی چینلز کے ذریعے دی گئی، انکشاف

واشنگٹن (صباح نیوز) امریکی میڈیا نے سنسنی خیز انکشاف کیا ہے کہ اسرائیلی وزیر اعظم نیتن یاہو نے قطر کے دارالحکومت دوحہ پر حملے سے محض 50 منٹ قبل ہی امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ کو آگاہ کر دیا تھا مگر امریکی صدر نے کوئی عملی اقدام نہ کیا۔ تین اعلیٰ اسرائیلی حکام کے حوالے سے امریکی میڈیا کا کہنا ہے کہ اسرائیل نے دوحہ میں موجود حماس کی قیادت پر میزائل حملے کی پیشگی اطلاع امریکہ کو دے دی تھی (بقیہ 10 صفحہ 03)

قومی انسداد ڈینگی مہم 2025 کا افتتاح

اسلام آباد (صباح نیوز) وفاقی وزیر صحت مصطفیٰ کمال نے کہا ہے کہ ہمیں مریضوں کے اسپتال آنے کا انتظار نہیں کرنا، بلکہ انہیں بیماری سے محفوظ رکھنا ہے اور بیمار ہونے سے بچانا ہے (بقیہ 09 صفحہ 03)

سیلاب متاثرہ علاقوں میں بجلی کی بحالی پر رپورٹ جاری

60 فیصد فیڈرز مکمل اور 40 جزوی طور پر بحال ہوگئے، پاور ڈویژن

اسلام آباد (صباح نیوز) سیلاب سے صوبہ پنجاب اور خیبرپختونخوا میں 51 گرڈ اسٹیشن اور 543 فیڈرز متاثر ہوئے، 320 فیڈرز مکمل اور 215 جزوی طور پر بحال ہوگئے ہیں۔ صوبہ خیبرپختونخوا اور پنجاب میں سیلاب متاثرہ علاقوں میں بجلی بحالی پر پاور ڈویژن نے رپورٹ جاری کردی۔ رپورٹ کے مطابق فیسکو کے زیر انتظام علاقوں میں 28 گرڈ اور 81 فیڈرز متاثر ہوئے، (بقیہ 08 صفحہ 03)

ایمان مزاری جسٹس سرفراز ڈوگر کی عدالت میں پیش نہیں ہوئیں

اسلام آباد (صباح نیوز) اسلام آباد ہائیکورٹ نے بلوچستان یکجہتی کمیٹی کی رہنما ماہ رنگ بلوچ کی درخواست کی سماعت غیر معینہ مدت تک ملتوی کر دی۔ چیف جسٹس سردار سرفراز ڈوگر نے ماہ رنگ بلوچ کا نام سفری پابندی کی فہرست سے (بقیہ 24 صفحہ 03)

مظفرآباد، مسلسل جدوجہد کے بعد تیندوے کو پکڑ لیا گیا

تیندوا شہر کے پلیٹ ایریا میں دیکھا گیا، جہاں شہریوں نے شور شرابا کیا

مظفرآباد (صباح نیوز) مظفرآباد کی شہری آبادی میں داخل ہونے والے نایاب نسل کے تیندوے کو 24 گھنٹے کی مسلسل جدوجہد کے بعد محکمہ وائلڈ لائف نے قابو کر لیا۔ ابتدائی طور پر تیندوا شہر کے پلیٹ ایریا میں دیکھا گیا، جہاں شہریوں نے شور مچا دیا۔ شور اور ہجوم کی وجہ سے جانور خوفزدہ ہو کر ایک گھر کی سیڑھیوں کے نیچے جا چھپا، تاہم ریسکیو عملہ فوری طور پر متحرک ہوا اور علاقے کو گھیرے میں لے لیا۔ (بقیہ 25 صفحہ 03)

کشتی مالکان کو فی چکر 5 ہزار اور پٹرول کے پیسوں کا اعلان

سیلاب زدگان سے رقم طلب کرنے کی شکایت پر حکومت پنجاب کا اقدام

اسلام آباد (صباح نیوز) پنجاب میں پرائیوٹ کشتی مالکان کا سیلاب زدگان سے پیسے لینے کا معاملہ، وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز اور پنجاب حکومت نے واضح کیا ہے کہ اب حکومت پرائیوٹ کشتی مالکان کو ادائیگی کرے گی اور انہیں پیسے لوگوں کے بجائے پنجاب حکومت سے ملیں گے۔ پنجاب (بقیہ 26 صفحہ 03)

اسلام آباد: ممبر کشمیر کونسل خواجہ طارق سعید ایڈووکیٹ و دیگر خواجہ مشتاق ہانڈے کی وفات پر فاتحہ خوانی کر رہے ہیں

وفاقی وزیر آئی ٹی شزا فاطمہ ماسکو پہنچ گئیں

اسلام آباد/ماسکو (صباح نیوز) وفاقی وزیر آئی ٹی شزا فاطمہ خواجہ ماسکو پہنچ گئیں۔ وفاقی وزیر دوسرے انٹرنیشنل ٹیکنالوجی کانفرنس میں شرکت کریں گی۔ تفصیلات کے مطابق (بقیہ 23 صفحہ 03)

پاک ایران خصوصی اقتصادی زونز کو فعال کرنے کا اعلان

وفاقی وزیر تجارت کا تہران میں پاک۔ایران بزنس فورم سے خطاب

تہران (صباح نیوز) وفاقی وزیر تجارت جام کمال خان نے پاک۔ایران بزنس فورم 2025 سے خطاب کرتے ہوئے پاکستان اور ایران کے درمیان مشترکہ خوشحالی کے نئے باب کا اعلان کیا۔ یہ فورم تہران میں پاکستان۔ایران مشترکہ اقتصادی کمیشن (JEC) کے 22ویں اجلاس کے موقع پر منعقد ہوا جس میں بڑی تعداد میں ایرانی اور پاکستانی کاروباری رہنماؤں، حکام اور سفارت (بقیہ 22 صفحہ 03)

مولانا فضل الرحمان کا قطری سفارتخانے کا دورہ

اسلام آباد (صباح نیوز) امیر جمعیت علماء اسلام مولانا فضل الرحمان (بقیہ 12 صفحہ 03)

غزہ، دو سال میں 6 لاکھ 80 ہزار سے زائد فلسطینی شہید

252 کم عمر بچے، 346 صحافی، اقوام متحدہ کے عملے کے افراد سمیت بوڑھے، نوجوان بھی شہداء میں شامل

فلسطینیوں کی نسل کشی صرف اسرائیل بلکہ ایک عالمی جرم بن چکا ہے، اقوام متحدہ کے ماہرین کی خصوصی رپورٹ

اسلام آباد (صباح نیوز) اقوام متحدہ کے ماہرین نے تصدیق کی ہے کہ اسرائیلی حملوں کے نتیجے میں گزشتہ 710 دنوں میں 680,000 فلسطینی مارے گئے ہیں۔ ان افراد میں 380,000 پانچ سال سے کم عمر کے بچے، 252 صحافی، 346 اقوام متحدہ کے عملے کے افراد شامل ہیں۔ اقوام متحدہ کے خصوصی نمائندوں فرانسسکا البانیز، آئرین خان، میری لالر اور جارج کاتر وگالوس کی مشترکہ رپورٹ میں مزید کہا ہے کہ صورت حال خوفناک نسل (بقیہ 11 صفحہ 03)

اسلام آباد میں ٹریفک قوانین کی خلاف ورزیوں پر مقدمات

249 مقدمات درج، 743 گاڑیاں اور موٹر سائیکل ضبط کیئے گئے

اسلام آباد (صباح نیوز) اسلام آباد ٹریفک پولیس نے ون وے کی خلاف ورزیوں کے خلاف بھرپور کارروائیاں شروع کر دی ہیں۔ ترجمان کے مطابق اب تک 249 مقدمات درج جبکہ 743 گاڑیاں اور موٹر سائیکل مختلف تھانوں میں بند کی جا چکی ہیں۔ پیر کے روز بھی کریک ڈاؤن کے دوران 66 افراد کے خلاف مقدمات درج کیے گئے جبکہ 141 گاڑیاں اور موٹر سائیکل تھانوں (بقیہ 13 صفحہ 03)

33 لاکھ کی نمائندہ اسمبلی کو آٹھ یا 10 ہزار لوگ یرغمال نہیں بنا سکتے

وزیر اعظم آزاد کشمیر

آپ نوجوانوں کے ہاتھوں میں تمبر کے ڈنڈے اور اسلحہ دینے کی کوشش کریں گے تو پھر بات سیاسی عمل سے گزر کر لا اینڈ آرڈر سچویشن تک چلی جاتی ہے

پہلے دونوں مرتبہ مذاکرات نتیجہ خیز ہوئے، اب بھی اگر کوئی مذاکرات کرنا چاہتا ہے تو حکومتیں تو کبھی مذاکرات کے دروازے بند نہیں کرتیں، چوہدری انوار الحق

مظفرآباد (پی آئی ڈی) وزیر اعظم آزاد حکومت ریاست جموں و کشمیر چوہدری انوار الحق نے کہا ہے کہ مطالبات آئین و قانون کے مطابق ہوں تو پھر حکومت نے ہمیشہ مذاکرات کو فوقیت دی ہے، پچھلے 77 سالوں میں آزاد کشمیر میں لا انفورسمنٹ ایجنسی کا کوئی تصور قائم نہیں رکھا گیا، پولیس تو کمیونٹی پولیسنگ کی طرح کے کام کرتی ہے، ماضی میں کابینہ کی سطح پر ہم نے عوامی ایکشن کمیٹی سے مذاکرات کیے اور پہلے دونوں مرتبہ مذاکرات بھی نتیجہ خیز ہوئے، اب بھی اگر وہ مذاکرات کرنا چاہیں تو حکومتیں تو کبھی مذاکرات کے دروازے بند نہیں کرتیں، لیکن جب آپ ریاست کی رٹ کو چیلنج کریں گے، آپ نوجوانوں کے ہاتھوں میں تمبر کے ڈنڈے اور اس کے بعد اسلحہ دینے کی کوشش کریں گے تو پھر بات سیاسی عمل سے گزر کر لا اینڈ آرڈر سچویشن اور پھر اس سے آگے بڑھ کر دہشت گردی پھیلانے کے زمرے میں چلی جاتی ہے، میں بس (بقیہ 27 صفحہ 03)

گورنر پنجاب سردار سلیم حیدر خان سے فیصل عبدالستار ایدھی ملاقات کر رہے ہیں

انتشار، منفی سیاست کو مکمل مسترد کرتے ہیں، راجہ صدیق

کشمیری مہاجرین کی نشستوں کو ختم کرنے کا مطالبہ نامناسب ہے

ٹیکسلا (صباح نیوز) حکومت آزاد کشمیر کے وزیر صنعت راجہ محمد صدیق خان نے کہا ہے کہ کشمیری مہاجرین مقیم پاکستان کی قانون ساز اسمبلی کی نشستیں ختم کرنے کا مطالبہ نامناسب ہے۔ ان سیٹوں کو ختم کرنے کے دعوے اور مطالبہ کرنے والوں کو تحریک آزادی کشمیر کے لیے ان سیٹوں کی اہمیت کا اندازہ اور ادراک نہیں ہے اور نہ ہی انہوں نے اس طرح کا مطالبہ کرنے سے پہلے کبھی ان کے حقائق کو (بقیہ 14 صفحہ 03)

پاکستان پوسٹ کا یوم سپارکو پر یادگاری ڈاک ٹکٹ جاری

ٹکٹ آئی کیوب قمر، کی کامیاب لانچنگ کو اجاگر کرتے ہیں ترجمان

اسلام آباد (صباح نیوز) پاکستان پوسٹ نے یوم سپارکو پر یادگاری ڈاک ٹکٹ جاری کردیا۔ یادگاری ڈاک ٹکٹوں کے تین خصوصی سیٹ جاری کیے گئے ہیں۔ ترجمان سپارکو کے مطابق سپارکو نے 16 ستمبر 2025 کے موقع پر، پاکستان ڈاک نے پاکستان کے خلائی تحقیقات کے سنگ میل کو منانے کے لیے یادگاری ڈاک ٹکٹوں کے تین خصوصی سیٹ جاری کیے ہیں۔ یہ ٹکٹ آئی کیوب قمر، پاک (بقیہ 28 صفحہ 03)

غزہ میں اسرائیلی مظالم بند کیئے جائیں، وفاق المدارس

غزہ کے لیے امدادی قافلے پوری انسانیت کی بھرپور نمائندگی کر رہے ہیں

اسلام آباد (صباح نیوز) وفاق المدارس العربیہ پاکستان کے ناظم اعلیٰ مولانا محمد حنیف جالندھری نے غزہ کے مظلوموں کی نصرت اور حمایت کے لیے جانے والے امدادی قافلے کو پوری انسانیت کی نمائندگی قرار دیا اور کہا کہ امدادی قافلہ لے جانے کی یہ کوشش اسرائیلی مظالم کو دنیا کے سامنے مزید بے نقاب کرنے کی کوشش ہے۔ مولانا جالندھری نے اس امدادی قافلے میں پاکستان سے وزیر اطلاعات (بقیہ 21 صفحہ 03)

نیلم: عالمی یوم شناخت کی مناسبت سے نادرہ کی موبائل ٹیم شہریوں کی رجسٹریشن کر رہی ہے

قوم مسلح افواج کے شانہ بشانہ کھڑی ہے، عامر عبدالغفار

ملک میں دیرپا امن و امان یقینی بنانے کے لیے مکمل تعاون کیا جائے

مظفرآباد (صباح نیوز) آزاد حکومت ریاست جموں و کشمیر کے وزیر ماحولیات عامر عبدالغفار لون نے صوبہ خیبر پختونخواہ کے مختلف (بقیہ 20 صفحہ 03)

سنگھائی، بلاول سے چین کی سب سے بڑی تعمیراتی کمپنی کے وفد کی ملاقات

سنگھائی (صباح نیوز) پاکستان پیپلز پارٹی کے چیئرمین بلاول بھٹو زرداری سے چین کی سب سے بڑی تعمیراتی کمپنی چائنا اسٹیٹ (بقیہ 19 صفحہ 03)

تاجران زبوں حالی کے فیصلے مرضی مسلط کرنے کی اجازت نہیں دینگے، پروٹیکشن فورم

"ہم کسی کے مخالف نہیں ہیں، ہمارا مقصد صرف تاجروں کے حقوق کا دفاع اور ان کے کاروبار کو تباہی سے بچانا، کاروباری سرگرمیوں کو فروغ دینا ہے

نمائندہ تنظیم کا نہ ہونا مسائل کی اصل وجہ، شہر میں کوئی بھی انویسٹر آنے کو تیار نہیں، ہڑتالی صورت حال نے تمام مکاتب فکر کو بری طرح متاثر کیا، مقررین

راولاکوٹ (دھرتی نیوز) تاجر پروٹیکشن فورم کا گرینڈ اجلاس منگل کے روز راولاکوٹ میں تاجران کی بھرپور شرکت کے ساتھ منعقد ہوا۔ اجلاس میں شہر کے مختلف زونز سے آئے ہوئے تاجروں کی غیر معمولی تعداد موجود تھی جنہوں نے اپنی پریشانیوں، دکھوں اور روز بروز بڑھتی ہوئی مشکلات کا کھل کر اظہار کیا۔ اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے فورم کی کور کمیٹی کے ممبران کا کہنا تھا کہ جب اس فورم کی بنیاد رکھی گئی تو بعض عناصر نے یہ تاثر دیا کہ یہ کسی کے (بقیہ 15 صفحہ 03)

سکیورٹی فورسز کی قربانیاں ضرور رنگ لائیں گی، عتیق خان

دہشتگردوں کو پاکستان میں پناہ نہیں لینے دی جائے گی، صدر مسلم کانفرنس

مظفرآباد (صباح نیوز) صدر مسلم کانفرنس و سابق وزیر اعظم آزاد کشمیر سردار عتیق احمد خان نے خیبر پختونخوا میں بھارتی سرپرستی میں سرگرم فتنہ الہندوستان کے خلاف کامیاب آپریشنز پر سکیورٹی فورسز کو زبردست الفاظ میں خراج تحسین پیش کیا ہے۔ سردار عتیق احمد خان نے کہا کہ 31 بھارتی سپانسرڈ دہشتگردوں کو انجام تک پہنچانے پر سکیورٹی فورسز کی پیشہ ورانہ صلاحیتیں اور بروقت کارروائیاں قابل (بقیہ 16 صفحہ 03)

اسلام آباد ہائیکورٹ کا چیئرمین پی ٹی اے کو عہدے سے ہٹانے کا حکم

اسلام آباد (صباح نیوز) اسلام آباد ہائیکورٹ نے چیئرمین پی ٹی اے کو عہدے سے ہٹانے کا حکم دیا۔ عدالت نے چیئرمین پی ٹی اے کو عہدے سے ہٹانے کی درخواست منظور (بقیہ 17 صفحہ 03)

زائد شرح سود کاروباری اعتماد ختم کر رہی ہے، اپٹما کی تشویش

سٹیٹ بنک فیصلے کے نتیجے میں 8 فیصد کا حقیقی شرح سود لاک ہو گیا

کراچی (صباح نیوز) آل پاکستان ٹیکسٹائل ملز ایسوسی ایشن (اپٹما) نے مانیٹری پالیسی کمیٹی (ایم پی سی) کے اس فیصلے پر گہری مایوسی کا اظہار کیا ہے جس کے تحت پالیسی ریٹ کو پیر کے روز منعقدہ اجلاس میں ناقابل برداشت حد تک بلند سطح یعنی 11 فیصد پر برقرار رکھا گیا۔ اپٹما کے چیئرمین کامران ارشد کے مطابق اگست 2025 میں مہنگائی کی شرح صرف 3 فیصد ریکارڈ کی گئی (پی بی ایس)، اس (بقیہ 18 صفحہ 03)

آج تیز آندھی جھکڑ اور شدید ژالہ باری کا امکان الرٹ جاری

پنجاب، کشمیر اور گلگت بلتستان میں بارش، گرج و چمک، بعض مقامات پر موسلا دھار بارش کا بھی امکان

کچے مکانات، دیواریں، بجلی کے کھمبے، بل بورڈز، گاڑیاں اور سولر پینل وغیرہ کو نقصان پہنچنے کا خدشہ ہے، موسمیات

اسلام آباد (صباح نیوز) محکمہ موسمیات کے مطابق آئندہ 24 گھنٹوں کے دوران ملک کے بیشتر علاقوں میں موسم خشک اور چند علاقوں میں بارش کا امکان ہے۔ منگل کے روز خیبر پختونخوا، اسلام آباد، بالائی پنجاب، کشمیر اور گلگت بلتستان میں کہیں کہیں بارش، آندھی اور گرج چمک کا امکان ہے جبکہ بعض مقامات پر موسلا دھار بارش اور ژالہ باری بھی ہو سکتی ہے۔ ملک کے دیگر حصوں میں موسم گرم اور خشک رہے گا۔ محکمہ موسمیات نے انتباہ جاری کرتے ہوئے کہا ہے کہ تیز آندھی، جھکڑ اور ژالہ باری کے باعث روزمرہ معمولات متاثر ہو سکتے ہیں جبکہ کچے مکانات، دیواریں، بجلی کے کھمبے، بل بورڈز، گاڑیاں اور (بقیہ 29 صفحہ 03)

مظفرآباد: صدر مسلم کانفرنس و سابق وزیر اعظم سردار عتیق اور دیگر وزراء سردار امان عباسی کی بیٹی کی شادی میں شریک ہیں

روزنامہ دھرتی راولاکوٹ شہر....شہر....قریہ....قریہ....کی خبریں

PERFECT EDUCATOR SCHOOL RAWALAKOT

Annual Result SSC-I

Congratulations

Staff, Students & Parents

Every Year 100% Result

Home of Knowledge

Shining Stars

S.#	Student Name	Marks	S.#	Student Name	Marks
1	Hifza Imran	541	20	Sayyam Ikram	393
2	Fozia Fatima	515	21	Syeda Fatima	393
3	Yousra Manzoor	511	22	Arooj Fayyaz	384
4	Aytul Hira	510	23	Urwa Abbas	369
5	Noor-ul-Mehak	510	24	Minahil Jalid	369
6	Hasnain Ashfaq	500	25	Umer Farooq	363
7	Hina Hafeez	498	26	Faiullah Ayaz	358
8	Maria Shazad	500	27	Abdul Moess	354
9	Laiba Eman	484	28	Abdul Qudoos	341
10	Hafza Saddique	483	29	Ahmed Ajmal	334
11	Mubsara Wajid	468	30	Zunain Shakeel	325
12	Hisham Zahid	464	31	Alyan Ajaz	324
13	Merosh Zaheer	459	32	Abdul Rafy	302
14	Sidra Ayaz	448	33	Moees Shahzad	294
15	Memoona Mumtaz	448	34	Wasif Younis	290
16	Kaiful Wara	440	35	Hamza Nadeem	283
17	Hoyia Tahir	425	36	Samiullah Zakir	278
18	Mishal Tarq	399	37	Adnan Sarfraz	245
19	Aiman Masood	398			

کامیاب طلباء و طالبات کے والدین کی طرف سے
شاندار نتائج پر پرنسپل ادارہ اور جملہ سٹاف کو دلی

مبارکباد

پرنسپل روزینہ خالق 03177067596 نزد سپورٹس کمپلیکس راولاکوٹ

پانیولہ گرلز ہائی سکول کیاٹ کلاں کی فوری تعمیر کیلئے اقدامات کا مطالبہ

گرلز ہائی اسکول کیاٹ کلاں جو ہمیشہ امتحانی نتائج میں نمایاں پوزیشن پر رہتا ہے اور لوگوں کی توقعات پر پورا اترتا ہے

حالیہ طوفانی بارشوں کی وجہ سے اسکول کے دو کمرے استعمال کے قابل نہیں رہے، متعلقہ حکام فوری نوٹس لیں، عوامی حلقے

پانیولہ (نامہ نگار) گورنمنٹ گرلز ہائی سکول کیاٹ کلاں کے دو کمرے مکمل طور پر تباہ ہو چکے ہیں۔ جس کی وجہ سے بچیوں کو شدید مشکلات کا سامنا ہے۔ محکمہ تعلیم کی عدم توجہی اور حکومتی نمائندوں کی عدم دلچسپی قابل افسوس ہے۔ گرلز ہائی اسکول کیاٹ کلاں جو ہمیشہ امتحانی نتائج میں نمایاں پوزیشن پر رہتا ہے۔ اور لوگوں کی توقعات پر پورا اترتا ہے۔ یہی وجہ ہے کہ لوگ اعتماد کرتے ہوئے ہر سال زیادہ سے زیادہ بچیوں کا اس ادارے میں داخلہ کرواتے ہیں۔ حالیہ طوفانی بارشوں کی وجہ سے اسکول کے دو کمرے استعمال کے قابل نہیں رہے (بقیہ 30 صفحہ 03)

— نائب تحصیلدار ایاز چغتائی زائد انراخ پر اشیاء خوردونوش فروخت کرنے والوں کے خلاف کارروائی —

اسرائیل کو عالمی سطح پر تنہا کر کے رکھ دیا گیا ہے، نیتن یاہو

دہشتگردوں کو پناہ دے کر کوئی ملک خودمختاری کا دعویٰ نہیں کر سکتا، بیان

یروشلم (صباح نیوز) اسرائیلی وزیراعظم بنیامین نیتن یاہو نے کہا ہے کہ جب کوئی ملک دہشتگردوں کو جگہ دیتا ہے انہیں اپنی سرزمین سے حملے کرنے دیتا ہے تو پھر وہ خودمختاری کا دعویٰ نہیں کر سکتا۔ امریکی وزیر خارجہ کے ساتھ پریس کانفرنس میں انہوں نے کہا کہ دنیا میں اسرائیل پر تنقید کے معاملے میں زبردست منافقت اور دوہرا معیار پایا جاتا ہے۔ نائن الیون کے حملوں کے بعد اقوام متحدہ کی سلامتی (بقیہ 48 صفحہ 03)

سیکرٹری ایچ ای ڈی ڈاکٹر غلام فرید کی یو ای ٹی لاہور آمد

مختلف ریسرچ سینٹرز اور لیبارٹریز کا دورہ، وائس چانسلر کی حکمت پر تحسین

لاہور (صباح نیوز) سیکرٹری ہائر ایجوکیشن ڈیپارٹمنٹ، حکومت پنجاب، ڈاکٹر غلام فرید نے یونیورسٹی آف انجینئرنگ اینڈ ٹیکنالوجی (یو ای ٹی) لاہور کا دورہ کیا اور وائس چانسلر ڈاکٹر شاہد منیر سے ملاقات کی۔ وائس چانسلر ڈاکٹر شاہد منیر نے ان کا خیر مقدم کیا اور یونیورسٹی کی تعلیمی و تحقیقی سرگرمیوں، نمایاں کامیابیوں، جاری منصوبوں اور مستقبل کی ترجیحات پر مبنی ایک جامع (بقیہ 47 صفحہ 03)

رائیونڈ، سیلاب زدہ علاقوں میں نقصانات کے سروے کا آغاز

نقصان کا تخمینہ لگانے کیلئے سروے ٹیم مختلف متاثرہ علاقوں میں ہمہ وقت موجود

رائے ونڈ (صباح نیوز) تحصیل رائے ونڈ میں 5 ہزار سے زائد سیلاب متاثرین نے فلڈ کیمپوں میں پناہ لی، دو ہزار سے زائد افراد واپس اپنے گھروں میں چلے گئے ہیں، وزیر اعلیٰ پنجاب کے حکم پر متاثرین کے نقصانات کے ازالہ کیلئے سروے کا آغاز کر دیا گیا ہے، ان خیالات کا اظہار اسسٹنٹ کمشنر رائے ونڈ زوہیب ممتاز گوندل نے میڈیا سے (بقیہ 46 صفحہ 03)

سندھ میں 3,522 افراد محفوظ مقامات پر منتقل

کراچی (صباح نیوز) سندھ کے مختلف علاقوں میں 24 گھنٹوں میں 3,522 افراد محفوظ مقامات پر منتقل کر دیا گیا ہے۔ (بقیہ 45 صفحہ 03)

ہٹیاں بالا: حمزہ ڈویلپمنٹ فاونڈیشن کے زیراہتمام PPAF کے تعاون سے مستحقین میں امدادی سامان تقسیم کیا جا رہا ہے

چناری، زائد انراخ پر اشیاء خوردنی کی فروخت پر کارروائی

ایک تاجر گرفتار، دیگر کو وارننگ جاری، عوامی حلقوں کا بھرپور خیر مقدم

چناری (خصوصی رپورٹر) ڈپٹی کمشنر جہلم ویلی جنیش جرال کی ہدایات پر نائب تحصیلدار ایاز چغتائی کی ہٹیاں بالا بازار میں زائد انراخ پر اشیاء خوردونوش فروخت کرنے والے دوکانداروں کے خلاف کارروائی، ایک گرفتار، متعدد کو جرمانہ اور سخت وارننگ جاری۔ تفصیلات کے مطابق نائب تحصیلدار ایاز چغتائی نے ہٹیاں بالا بازار میں مقررہ قیمتوں سے زائد پر اشیاء فروخت کرنے والے دوکانداروں کے خلاف کارروائی کرتے ہوئے ایک دوکاندار کو گرفتار اور متعدد کو ہزاروں روپے جرمانے کرتے ہوئے (بقیہ 31 صفحہ 03)

چناری، عوام سے کیے گئے وعدے پورے کیے جائیں، ظفر اقبال

چناری (خصوصی رپورٹر) سابق صدر جہلم ویلی بار ایسوسی ایشن ہٹیاں بالا صدر انصاف لائرز فورم جہلم ویلی ممبر ضلع کونسل ظفر اقبال مغل ایڈووکیٹ نے کہا ہے کہ جہلم ہائیڈل پاور پراجیکٹ پر پہلا حق وہاں کی لوکل عوام کا ہے اس پراجیکٹ سے یونین کونسل نڑدجیاں اور یونین کونسل چکہامہ کو بجلی (بقیہ 32 صفحہ 03)

باغ: گورنمنٹ کالج آف ایجوکیشن کے پرنسپل پروفیسر ڈاکٹر طارق خان و دیگر سٹاف، طالبات داخلہ مہم میں شریک ہیں

محی الدین اسلامک یونیورسٹی نیریاں شریف میں کانفرنس اختتام پذیر

پہلی بین الاقوامی کانفرنس برائے AI، انوویشن اور کمپیوٹر و مینجمنٹ سائنسز میں اپلی کیشنز" کامیابی کیساتھ مکمل کی گئی

پاکستان سمیت سری لنکا، آسٹریلیا، چین، برطانیہ سے عالمی شہرت یافتہ ماہرین تعلیم، ریسرچ اسکالرز اور فیکلٹی ممبران کی شرکت

راولاکوٹ (دھرتی نیوز) محی الدین اسلامک یونیورسٹی نیریاں شریف میں مصنوعی ذہانت اور اس کے ابھرتے ہوئے رجحانات پر دو روزہ "پہلی بین الاقوامی کانفرنس برائے AI، انوویشن اور کمپیوٹر و مینجمنٹ سائنسز میں اپلی کیشنز" شاندار کامیابی کے ساتھ مکمل ہوگئی۔ یہ اپنی نوعیت کا پہلا علمی و تحقیقی کانفرنس تھی جس میں پاکستان اور آزاد کشمیر کے ساتھ ساتھ سری لنکا، آسٹریلیا، چین اور برطانیہ سے عالمی شہرت یافتہ ماہرین تعلیم، ریسرچ اسکالرز اور فیکلٹی ممبران نے شرکت کی اور مصنوعی ذہانت کے مختلف پہلوؤں پر اپنے تحقیقی مقالات پیش کیے۔ افتتاحی (بقیہ 49 صفحہ 03)

JKNSF کا کنونشن، اجازت نامہ منسوخ، متبادل جگہ کیلئے مکتوب

کنونشن کی اجازت کے لیے 25 اگست کو صابر شہید پائلٹ ہائی سکول کی انتظامیہ اور ڈپٹی کمشنر کو درخواست دی گئی تھی

کنونشن کو روکنے کی کوشش کی گئی تو تو بھرپور احتجاج کی صورت یہ کنونشن منعقد کیا جائے گا، جے کے این ایس ایف کا اعلان

راولاکوٹ (دھرتی نیوز) ڈپٹی کمشنر پونچھ نے جموں کشمیر نیشنل سٹوڈنٹس فیڈریشن کے مرکزی کنونشن کے انعقاد کے لیے پہلے جاری کردہ اجازت نامہ کنونشن کے انعقاد سے چار روز قبل منسوخ کر دیا ہے۔ جموں کشمیر نیشنل سٹوڈنٹس فیڈریشن کا یہ کنونشن آج سے تین ماہ قبل جون میں بذریعہ پریس کانفرنس اناؤنس کیا گیا تھا۔ کنونشن کی اجازت کے لیے 25 اگست کو صابر شہید پائلٹ ہائی سکول کی انتظامیہ اور ڈپٹی کمشنر کو درخواست دی گئی تھی۔ ضلعی انتظامیہ نے اجازت نامہ جاری کرتے میں 15 دن کا وقت لیا اور اس دوران محکمہ تعلیم کے مظفرآباد سیکرٹریٹ کی جانب سے 8 ستمبر کو ایک سرکلر جاری کر کے تعلیمی اداروں (بقیہ 33 صفحہ 03)

JKSDMI اور استحکام پاکستان اور دیگر کے قائدین کی برطانوی پارلیمنٹ میں اہم بات چیت

اقوام متحدہ جنرل اسمبلی اجلاس، کشمیری احتجاجی مظاہرہ کریں گے

بھارتی قبضے اور انسانی حقوق کی خلاف ورزیوں کیخلاف احتجاج اور کشمیری قیدیوں کی رہائی کا مطالبہ کیا جائے گا

امکان ہے بھارتی وزیر خارجہ 27 ستمبر کو خطاب کریں گے اسی روز کشمیری احتجاج کریں گے، ڈاکٹر غلام نبی فائی

واشنگٹن (کے پی آئی) بھارتی وزیر خارجہ کے اقوام متحدہ کی جنرل اسمبلی سے خطاب کے موقع پر امریکہ میں مقیم کشمیری نیویارک میں بھارت کے خلاف احتجاج کریں گے۔ امریکہ میں قائم تنظیم ورلڈ کشمیر اویئرنس فورم کے جنرل سیکرٹری ڈاکٹر غلام نبی فائی نے کہا ہے کشمیر پر بھارتی قبضے اور انسانی حقوق کی خلاف ورزیوں کے خلاف احتجاج کیا جائے گا کشمیری قیدیوں کی رہائی کا مطالبہ کیا جائے گا۔ ڈاکٹر غلام نبی فائی نے ایک ویڈیو پیغام (بقیہ 34 صفحہ 03)

انسانی کردار اور مثبت رویہ زندگی کا اہم جزو ہے، عفت سجاد

طلبہ و طالبات کو مقصد کے ساتھ آگے بڑھنے کی ضرورت ہے، خطاب

اسلام آباد (صباح نیوز) کامیاب زندگی کے لیے صرف ڈگری نہیں بلکہ کردار، رویے اور مثبت طرز عمل ضروری ہیں۔ حقیقی تعلیم وہ ہے جو عاجزی، جذبہ اور اخلاق سکھائے۔ تحقیق کے مطابق کامیاب لوگ ہمیشہ پرجوش اور فیملی ایکٹو ہوتے ہیں۔ یہ بات ڈپٹی سیکرٹری جنرل حلقہ خواتین جماعت اسلامی، ڈائریکٹر شعبہ تعلیم حلقہ خواتین جماعت اسلامی عفت سجاد نے حلقہ خواتین جماعت اسلا (بقیہ 44 صفحہ 03)

کھوئی رٹہ میں 15 دنوں سے آٹے کی سپلائی معطل

عوام شدید مشکلات کا شکار، متعلقہ حکام سے فوری نوٹس لینے کا مطالبہ

کھوئی رٹہ (صباح نیوز) کھوئی رٹہ اور ملحقہ علاقوں میں گزشتہ دو ہفتوں سے آٹے کی سپلائی بحال نہ ہونے کے باعث عوام شدید مشکلات اور پریشانی کا شکار ہیں۔ عوامی نمائندوں نے میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے حکومت آزاد کشمیر سے مطالبہ کیا ہے کہ گندم اور آٹے کی نقل و حرکت پر نظر ثانی کی جائے اور فلور مل مالکان کو پابند بنایا جائے کہ وہ تسلسل کے ساتھ آٹے کی سپلائی جاری رکھیں (بقیہ 43 صفحہ 03)

دہلی، جائیدادوں کے وقف ہونے یا نہ ہونے کا اختیار معطل

بھارتی سپریم کورٹ نے وقف ترمیمی ایکٹ 2025 کی شق معطل کر دی

نئی دہلی (کے پی آئی) بھارتی سپریم کورٹ نے متنازع نئے قانون وقف ترمیمی ایکٹ 2025 کے تحت مودی حکومت کا متنازعہ جائیدادوں کے وقف ہونے یا نہ ہونے کا فیصلہ کرنے کا اختیار معطل کر دیا ہے۔ بھارتی حکومت نے اس قانون کے تحت مسلمانوں کی جائیدادیں چھیننے کا اختیار حاصل کر لیا تھا وقف (ترمیمی) ایکٹ 2025 کو اپوزیشن جماعتوں نے تنقید کا نشانہ (بقیہ 42 صفحہ 03)

میر واعظ عمر فاروق کی کشمیری کاشتکاروں کیساتھ یکجہتی

پھلوں والے ٹرکوں کو نقل و حرکت کی اجازت نہیں دی جا رہی ہے، تشویش

سری نگر (کے پی آئی) کل جماعتی حریت کانفرنس کے سینئر رہنما میر واعظ عمر فاروق نے کاشتکاروں کے ساتھ یکجہتی کا اظہار کرتے ہوئے انہیں کشمیر کی معیشت میں ریڑھ کی ہڈی قرار دیا۔ سرینگر میں جاری ایک بیان میں انہوں نے کہا کہ کئی دنوں سے پھنسے ٹرکوں میں پھل خراب ہو رہے ہیں اور انہیں نقل و حرکت کی اجازت نہیں دی جا رہی ہے۔ انہوں نے کہا کہ حکام کی بے حسی شرمناک (بقیہ 41 صفحہ 03)

جموں کشمیر لبریشن لیگ کی مجلس عاملہ کا اجلاس، قرارداد منظور

ریاست میں پرامن ماحول کے فروغ کیلئے مثبت، جاندار اقدامات پر زور

اوپن یونیورسٹی میں بایوسائنسز پر بین الاقوامی کانفرنس 23 ستمبر کو منعقد ہوگی

گلگت بلتستان، گانچھے سے سینکڑوں افراد جماعت اسلامی میں شامل

شمال والوں کے حقوق کا بھرپور تحفظ کریں گے، امیر جماعت ڈاکٹر محمد مشتاق خان

اتحاد و اتفاق میں طاقت ہے، آج امت اختلافات کی وجہ سے مسائل کا شکار ہے

سکردو، گانچھے (پ ر) جماعت اسلامی آزاد کشمیر گلگت بلتستان کے امیر ڈاکٹر محمد مشتاق خان نے کہا ہے کہ باریاں لگانے والی پارٹیاں ناکام ہو چکی ہیں جماعت اسلامی ہی عوام کو مسائل کی دلدل سے نکال سکتی ہے، گانچھے سے بڑی تعداد میں لوگوں نے جماعت اسلامی میں شامل ہونے کا اعلان کر کے ثابت کر دیا کہ مستقبل جماعت اسلامی کا ہے، جماعت اسلامی میں شامل والوں کو اللہ استقامت دے، جماعت اسلامی جائز مقام دے گی، اتحاد و اتفاق میں طاقت ہے آج امت اختلافات کی وجہ سے (بقیہ 51 صفحہ 03)

مقبوضہ کشمیر میں ہائی کورٹ نے معراج ملک کیخلاف فرد جرم روک دی

سری نگر (کے پی آئی) مقبوضہ جموں و کشمیر میں ہائی کورٹ نے پولیس کو کالے قانون پبلک سیفٹی ایکٹ کے تحت گرفتار ڈوڈہ کے ایم ایل اے معراج ملک کے خلاف چارج شیٹ دائر کرنے سے روک دیا ہے اور مزید تحقیقات کی ہدایت کی ہے۔ معراج ملک کے خلاف دانستہ حملے، سرکاری ملازم کو کام سے روکنے اور دیگر دفعات کے تحت دائر مقدمے کی سماعت ہائی کورٹ کے جج جسٹس راجیش سیکھری (بقیہ 50 صفحہ 03)

سکردو: جماعت اسلامی آزاد کشمیر گلگت بلتستان کے امیر ڈاکٹر محمد مشتاق خان و دیگر عوامی اجتماع سے خطاب کر رہے ہیں

سدھنوتی پریس کلب کے سیکرٹری مالیات شہزاد عباسی حملہ میں زخمی

پریس کلب کا ہنگامی اجلاس، ملوث ملزمان کی فوری گرفتاری، شفاف تحقیقات کا مطالبہ، بصورت دیگر احتجاج کی دھمکی

سوشل میڈیا پر اشتعال انگیزی اور بدزبانی کرنے والوں کے خلاف بھی قانونی کارروائی کی جائے، اجلاس میں بھرپور مطالبہ

چناری، محفل میلاد النبی ﷺ کا سلسلہ تسلسل کے ساتھ جاری

سینکڑوں زعماء کی شرکت، دین اسلام کی تعلیمات پر عمل پیرا ہونے پر زور

چناری (خصوصی رپورٹر) لائن آف کنٹرول سے ملحقہ کھلانہ ویلی میں مرکزی میلاد کمیٹی کے زیر اہتمام محفل میلاد النبی ﷺ کا سلسلہ بدستور جاری، ہیاشری بالا میں ایک روزہ عظیم الشان محفل میلاد کا انعقاد کیا گیا۔ میلاد النبی ﷺ کی منعقدہ محفل میں علماء کرام سمیت علاقہ کے عاشقان رسول ﷺ کی بڑی تعداد نے شرکت کی، ثناء خواں حضرات نے عقیدت کے پھول نچھاور کیے، میلاد النبی ﷺ کی (بقیہ 35 صفحہ 03)

ینگ ڈاکٹرز ایسوسی ایشن بنوں کا احتجاجی مظاہرہ، عدم مطالبات کی منظوری تک احتجاج جاری رکھنے کا اعلان

بنوں (صباح نیوز) ینگ ڈاکٹرز ایسوسی ایشن بنوں نے احتجاجی مظاہرہ کرتے ہوئے عدم مطالبات کی منظوری تک احتجاج جاری رکھنے کا اعلان کر دیا۔ احتجاجی مظاہرہ سے خطاب کرتے ہوئے نائب صدر خیبر پختونخوا ڈاکٹر شعیب خان، ضلعی صدر ڈاکٹر حکیم زادہ، ڈاکٹر عمران اور دیگر نے کہا کہ موجودہ چیئرمین بی او جی نہایت جانبدار اور غیر پیشہ ورانہ رویہ رکھتے ہیں لہٰذا انہیں فوری طور پر عہدے سے ہٹا کر پروفیشنل بورڈ آف گورنرز تعینات کیا جائے ان کا کہنا تھا کہ ایم ٹی آئی

چناری، بارشوں کے متاثرین میں امدادی سامان تقسیم

پاک فوج اور فلاحی ادارے کی جانب سے تعاون پر بھرپور اظہار تشکر

چناری (اعجاز احمد میر، خصوصی رپورٹر) پاک فوج اور حمزہ ڈویلپمنٹ فاؤنڈیشن کے زیر اہتمام پی پی اے ایف کے تعاون سے لائن آف کنٹرول چکوٹھی، ہٹیاں ... متاثرین، یتیم، بیوہ، معذوروں سمیت 1540 مستحق افراد میں ان کی دہلیز پر امدادی سامان تقسیم کر دیا گیا۔ متاثرین کا مسلح افواج پاکستان، حمزہ ڈویلپمنٹ ... (بقیہ 37 صفحہ 03)

چناری جیپ کے المناک حادثہ میں ڈرائیور موقع پر جاں بحق، 1 زخمی

پیر اور منگل کی درمیانی رات جیپ چناری سے درہ جا رہی تھی کہ بارش کے باعث سلپ کیوجہ سے حادثہ کا شکار ہوگئی

زخمی ہسپتال منتقل، حالت خطرے سے باہر، چوہدری شیراز مرحوم کی نماز جنازہ ادا، مختلف زعماء کا حادثہ پر شدید اظہار افسوس

ہٹیاں بالا: مرکزی میلاد کمیٹی کے زیر اہتمام محفل میلاد النبی ﷺ کانفرنس سے مقررین خطاب کر رہے ہیں

dailydharti@gmail.com ای میل 05824-445865 فیکس 05824-445864 فون چیف ایڈیٹر و پبلشر عابد صدیقی نے کوہسار پریس سے چھپوا کر بینک روڈ راولاکوٹ سے شائع کیا۔

بقیہ 1

طور پر پاکستان نے فعال کردار ادا کیا۔ نائب وزیراعظم اسحاق ڈار کا کہنا تھا کہ اسرائیل کے خلاف اقدامات کے لیے پاکستان نے اپنا مؤقف واضح کر دیا، تقریروں سے آگے بڑھ کر واضح روڈ میپ دینا ہوگا۔ پوری دنیا کی نظریں اس اجلاس پر لگی ہوئی ہیں، امت مسلمہ ہم سے یہی توقع کر رہی ہے۔ اسحاق ڈار نے کہا ہے کہ اسرائیلی حملوں کی محض مذمت کافی نہیں، اب ہمیں ایک واضح اور مربوط عمل اختیار کرنا ہوگا۔ ان کا کہنا تھا کہ غزہ کے عوام شدید مشکلات اور انسانی بحران کا سامنا کر رہے ہیں، وقت آ گیا ہے کہ وہاں فوری اور غیر مشروط جنگ بندی عمل میں لائی جائے۔ اسحاق ڈار نے کہا کہ اسرائیل کی اشتعال انگیز کارروائیوں سے ظاہر ہے کہ وہ امن نہیں چاہتا۔ پاکستان ہمیشہ امت مسلمہ کے درمیان اتحاد کا داعی رہا ہے اور مسائل کے حل کے لیے مذاکرات کو بہترین راستہ سمجھتا ہے۔ تاہم ان کے مطابق مذاکرات کی کامیابی کے لیے سنجیدگی اور نیت کی پختگی ضروری ہے۔ انہوں نے عالمی برادری پر زور دیا کہ وہ اسرائیل کو روکنے کے لیے عملی اقدامات کرے۔ اسحاق ڈار نے کہا کہ سلامتی کونسل میں اصلاحات کی ضرورت ہے تاکہ وہ کشمیر اور فلسطین جیسے دیرینہ تنازعات کے حل کی اپنی ذمہ داریاں پوری کرے۔ اس موقع پر انہوں نے واضح کیا کہ بطور ایٹمی طاقت پاکستان مسلم امہ کے ساتھ کھڑا ہے اور اس کے پاس مضبوط افواج اور جدید ہتھیار موجود ہیں۔ ہم کسی کو اپنی خودمختاری اور سالمیت کی خلاف ورزی کی اجازت نہیں دیں گے۔ انہوں نے خبردار کیا کہ مستقبل کی جنگوں کا محور پانی ہوگا، سندھ طاس معاہدے کے حوالے سے انہوں نے کہا کہ اس کے تحت پاکستان اور بھارت کے درمیان پانی کی تقسیم طے ہے اور بھارت اسے یکطرفہ طور پر معطل یا ختم نہیں

[illegible]

Editorial ادارتی صفحہ

روزنامہ کشمیر دھرتی
www.dailydhartiajk.com dailydharti@gmail.com
Ph: 05824-445864 Fax: 05824-445865
چیف ایڈیٹر: عابد صدیق ✱ ایڈیٹر: عمر خیام

سیکورٹی، آئینی عمل اور کشمیر کا مقدس ایجنڈا

آزاد کشمیر کے وزیر اعظم کے حالیہ بیانات نے ایک قدیم مگر ایسا سوال دوبارہ سامنے رکھ دیا ہے جس میں ریاستی سلامتی، عوامی احساسِ حق، اور آئینی عمل کا نازک توازن چھپا ہوا ہے۔ جب حساس تنصیبات کی حفاظت کے لیے فرنٹیئر کانسٹیبلری جیسی فورسز کی تعیناتی کی ضرورت پڑتی ہے تو یہ محض انتظامی قدم نہیں بلکہ قومی سلامتی کی بقا سے جڑا ایک فیصلہ ہوتا ہے۔ کوئی بھی ریاست اپنے شہریوں اور اہم انفراسٹرکچر کو غیر محفوظ چھوڑ کر نہیں چل سکتی. خاص طور پر جب انٹیل سے ملنے والی خطرناک علامات کسی دشمن ایجنسی کے ممکنہ عزائم کی طرف اشارہ کریں۔ دوسری طرف مسئلہ مہاجر نشستیں اور عوامی ایکشن کمیٹی کے مطالبات بھی نظر انداز نہیں کیے جا سکتے۔ کشمیر کی آزادی کی تحریک میں مہاجرین کے خاندانوں کی قربانیاں اور خدمات ایک تاریخی حقیقت ہیں۔ ان کی شناخت، نمائندگی اور حقوق پر منصفانہ بحث جائز ہے مگر یہ بحث آئین، قانون اور جمہوری طریقہ کار کے دائرے میں ہونی چاہیے۔ طاقت کے زور، شور وغل یا سوشل میڈیا کے جذباتی بیانیے سے نہ تو تاریخ بدلے گی اور نہ ہی مسئلہ حل ہوگا بلکہ انتشار اور تقسیم کے بیج بوئے جائیں گے۔ وزیر اعظم کا یہ کہنا کہ ریاست کی رٹ، سیکیورٹی ڈاکٹرائن اور ریڈ لائنز کی خلاف ورزی قابلِ برداشت نہیں، منطقی اور محفوظ نقطہ نظر ہے۔ جب کوئی گروہ یا رہنما ایسی زبان اختیار کرے کہ وہ ریاستی اداروں یا فوج پر تنقید سے بڑھ کر سازش یا بیرونی مفادات کی تکمیل کا باعث بن رہا ہو تو ریاست کو اپنی سلامتی کو یقینی بنانے کے لیے موثر اقدامات کرنے کا پورا اختیار ہونا چاہیے۔

تاہم اس کا مطلب یہ نہیں کہ ہر احتجاج یا محاسبہ کو فوری طور پر سیکیورٹی سے تعبیر کیا جائے جب بات سیاسی مکالمے اور آئینی اصلاحات کی ہو تو حکومت کو کھلے مذاکرات اور شفافیت کا راستہ اختیار کرنا چاہیے۔ ہمیں اس حقیقت کو بھی تسلیم کرنا ہوگا کہ جذباتی بیانیے اور غیر ذمہ دارانہ تقاریر سے دشمن عناصر فائدہ اٹھا سکتے ہیں۔ اسی لیے سیاسی رہنماؤں، سول سوسائٹی اور میڈیا کی ذمہ داری بنتی ہے کہ وہ بیانیہ سنبھالیں، حقائق کی بنیاد پر بحث کریں اور افواہوں کو ہوا نہ دیں۔ عوامی مطالبات کا جائز حل صرف اس وقت ممکن ہے جب وہ شفاف، جمہوری اور آئینی ذرائع کے ذریعے سامنے آئیں۔ الیکشن، نمائندہ سیاست اور پارلیمانی اصلاحات وہی راستہ ہے جو دیرپا حل دے سکتا ہے۔ آخر میں ایک مؤکد پیغام یہ ہے کہ کشمیر کا مقدس ایجنڈا نہ تو طاقت کے زور پر دفن ہو سکتا ہے اور نہ ہی سیکیورٹی خدشات کو بہانہ بنا کر اس کی بنیادیں کمزور کی جا سکتی ہیں۔ ریاست کی حفاظت اور عوامی مطالبات، دونوں ساتھ چل سکتے ہیں بشرطیکہ فریقین سمجھداری، قانون پسندی اور شراکتِ عمل اپنائیں۔ حقائق کی بنیاد پر بحث، آئینی راستے کی اہمیت اور قومی مفاد کو مقدم رکھنے کا عزم ہی اس نازک دور میں سب سے مضبوط حکمتِ عملی ثابت ہوگا۔

اوور سپیڈنگ آج کے دور کا ایک سنگین مسئلہ

پروفیسر محمد ایاز کیانی

قطر اسرائیلی حملہ ۔۔۔ عرب دنیا کا امتحان

سید زاہد حسین نعیمی

☆☆☆☆

دوروزہ SCO کانفرنس، اہم تجاویز

مفتی نوید اصغر (پی ایچ ڈی سکالر)

خود شناسی کی طرف ایک سفر

قلم برداشتہ
صباء زراعت
Saba.Zaraite@gmail.com

عقیدت و احترام

بزمِ درویش
پروفیسر محمد عبداللہ بھٹی
help@noorekhuda.org

سوشل میڈیا اور سوشل ورکر

بلا امتیاز
امتیاز علی شاکر
imtiazali470@gmail.com

دورِ حاضر میں سوشل میڈیا نے انسانی زندگی کے ہر پہلو کو اپنی گرفت میں لے لیا ہے۔ یوں لگتا ہے پوری دنیا آپ کی مٹھی میں آ گئی ہو ...

میرپور میں بدانتظامی نے عوام کو مایوسی اور بے بسی کی دلدل میں دھکیل دیا

محمد طاہر کھوکھر

☆☆☆☆

چکوٹھی، ہٹیاں بالا، چناری، میں بارشوں کے متاثرین میں امدادی سامان تقسیم

تمام مضامین نیک نیتی سے شائع کیے جاتے ہیں، کالم نگاروں کی آراء سے ادارے کا متفق ہونا ضروری نہیں
(ادارہ)